زبان میری ہے بات اُن کی

ساغر اقبالی

☆ ہم انتقامی کارروائیوں کا خاتمہ چاہتی ہیں۔ (بے نظیر)

ہم لوٹا ہوا مال ڈکارنا چاہتے ہیں۔

☆ ملاں کو خدا حافظ کہنے کی ضرورت ہے۔ (نجم سیٹھی)

تم چونکہ چنانچہ کی پہچان ہو　　　گنہگار راتوں کا دیوان ہو

☆ اسامہ اور طالبان عورت کی حکمرانی کے خلاف ہیں۔ (بے نظیر)

اسامہ اور طالبان کی کیا حیثیت ہے! اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم عورت کی حکمرانی کے خلاف ہیں۔

☆ میں نے کسی کی کھوتی چرائی ہے۔ (امجد حمید دستی، حکومتی رکن اسمبلی)

گریجویٹ اسمبلی کی مہذب گفتگو کا نمونہ

☆ چاہتا ہے ہر انسان، روٹی کپڑا اور مکان (بے نظیر کا نعرہ)

چاہتا ہے ہر زردار　　　سرے محل اور قیمتی ہار

☆ میں غریبوں کے لیے پاکستان آئی ہوں (بے نظیر)

صرف ڈیڑھ سو غریبوں کی جان لی ہے۔

☆ سانحۂ کراچی کی تحقیقات سے قوم کو آگاہ کیا جائے گا۔ (وزیراعظم شوکت عزیز)

دیتے ہیں دھوکہ یہ بازی گر کھلا

☆ حکومت نے جسٹس بھگوان داس کا پنشن کیس روک لیا۔ (ایک خبر)

پیالے میں زہر ہی نہیں تھا ورنہ
سقراط کب کا مر گیا ہوتا

☆ اسامہ پاکستان میں ہوئے تو امریکہ کو کارروائی کا اختیار دیا جاسکتا ہے۔ (بے نظیر)

خدا وہ دن نہ دکھائے　　　کہ تجھے اقتدار کی بو آئے

☆ امریکی پرچم اٹھانے والوں پر حملے ہوسکتے ہیں۔ (شیخ رشید

شیخ جی! آپ نے کس کا پرچم اٹھایا ہوا ہے؟

☆ ایران نے یورینیم کی افزودگی جاری رکھی تو سنگین نتائج بھگتنا ہوں گے۔ (امریکہ)

منہ توڑ جواب دیں گے۔ (ایران)